سوال

کیا حضرت آدم پیغمبر تھے

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلاشبہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام اللہ تعالی کے برگزیدہ نبی تھے۔

ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

كان آدَمُ نبيًّا مُكَلَّمًا، كان بينَهُ وبين نُوحٍ عشَرةُ قُرُونٍ، وكَانَتِ الرسلُ ثلاثُمائةٍ وخمسةَ عشَرَ (السلسلۃ الصحیحۃ : 2668)

آدم علیہ الصلاۃ والسلام نبی تھے، ان سے اللہ تعالی کلام کرتا تھا، ان کے اور نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے درمیان دس قرون گزرے، اور رسولوں کی تعداد 315 تھی۔

واللہ أعلم بالصواب